روحانی علوم اور مفید کارآمد قیمتی معلومات کا بہترین گنجینہ

بیاد گرامی نظام الدین صابر نقشبندی

رسالہ

روحانی دنیا

ادارہ :-

کاشف البرنی ضمیر احمد خاغوری

قیمت سالانہ :- دو روپے

مقام اشاعت :-

ہسپتال روڈ - لاہور

مردانہ کمزوریوں کا مکمل اور حکمی علاج

سفوف شباب رجسٹرڈ

کمل کبس

قوت باہ ذیابیطس اسہال اور اعضائے رئیسہ کی کمزوری کے لئے یہ سفوف شباب نہایت سریع التاثیر اور بے نظیر اکسیر ثابت ہوا ہے۔ اس قدر زود اثر کہ ایک ہفتہ کا استعمال ہی خون میں ایک نئی تحریک پیدا کر دیتا ہے۔ زائل شدہ طاقت واپس آجاتی ہے۔ جریان۔ احتلام سرعت انزال۔ قوت باہ۔ کمزور اعضائے رئیسہ غرضیکہ تمام اندرونی ہر دنی خرابیوں کو سفوف شباب کا استعمال یک قلم نیست و نابود کر دیتا ہے۔ مُردہ جسم میں زندگی کی ایک نئی لہر دوڑ جاتی ہے۔ شباب کا دریا لہریں مارتا ہوا نظر آتا ہے۔

جو اصحاب کسی ایسی بیماری یا بد عادت کی وجہ سے اپنی زندگی اور شباب برباد ہو چکے ہیں وہ بھی سفوف شباب سے از سر نو جوانی حاصل کر سکتے ہیں۔ بیشمار زندہ درگور آدمی اس سفوف شباب سے کھوئی ہوئی طاقت اور جوانی حاصل کر چکے ہیں۔ یہ بیش قیمت جڑی بوٹیوں کا ایک نادر الوجود سفوف ہے۔ جس کی ایک ایک خوراک میں قوتوں کا خزانہ چھپا ہوا ہے۔ بچپن کی غلط کاریوں سے جو نتائج پیدا ہوتے ہیں۔ ان کو حرف غلط کی طرح مٹا دے گا۔ ان میں چستی۔ طبیعت میں فرحت۔ چہرہ پر رونق۔ کمزور اعصاب میں طاقت پیدا کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے!

سفوف شباب

ایک مکمل کبس کا نام ہے۔ جس کے چار اجزا ہیں۔ ۱۔ گولیاں برائے ذکاوت حس ۲۔ سفوف برائے تقویت اور تولید مادہ۔ ۳۔ طلاء اکسیری بقدر ضرورت جس کے استعمال سے بڑھاپا بڑھاپے کا اچھاڑ۔ اور از کار رفتہ اور مُردہ رگوں میں جان آجاتی ہے۔ ۴۔ حب مقوی قوت باہ و اعضائے رئیسہ۔

آپ سفوف شباب پر جو چیز لکھیں گے۔ ان شاء اللہ ضائع نہ جائے گا۔ ایک دفعہ ضرور آزمائیں۔

قیمت ۱ فی کبس معہ سفوف و طلاء چھ روپے محصول ڈاک ۱۴ر

مینجر روحانی دار العلاج ہسپتال روڈ۔ لاہور

انسانی تقدیر

کو مختلف سانچوں میں ڈھالنے کیلئے سیارگان کی دنیا کے ہر کو تسلیم کیا جا چکا ہے۔ یہ دنیا اور اس کی ہر چیز کیلئے ایک خاص ترکیب عمل جو قدرت کی کاریگری نے ظہور میں آیا سائنس کی ایجادات کیا ہیں؟ انہی ترکیب و عناصر کا ایک پیدا شدہ عمل ہے جس طرح ایک سائنسدان آگ جو پانی کے خواص کو جان کر عجیب قسم کی طاقت پیدا کر کے ایسی ایجادات پیدا کرتا ہے کہ دنیا اس سے تحیر خیز ہم صحتی اور فائدہ اٹھاتی ہے۔ بعین اسی طرح ایک ماہر علم شراقیات علم فلکی کی ترتیب و خواص کو پا کر دنیا کو وہ فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ جو سائنس کی ایجادات سے ناممکن ہے۔ میں اپنے علم و تجربہ کی بنا پر اپنے عزیز قارئین روحانی دنیا کی خدمت میں پیش کرتا ہوں گا۔ کہ آپ ——— کسی مرض کو لاعلاج سمجھ کر مایوس نہ ہوں۔ کسی دکھ۔ درد۔ تکلیف سے مصیبتوں کا شکار نہ ہوں کسی بگڑے کام کو گردش کے دنوں کو بدقسمتی پر محمول نہ کریں۔

یہ تو اپنی غلطیاں اور اپنے ہاتھوں کمائی ہوئی بدقسمتیاں ہوتی ہیں جن کا سدباب ایک صاحب نظر ہی کر سکتا ہے۔ میں آپ کو ایک ہمدرد کی حیثیت سے مشورہ دوں گا کہ جب میں اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ آپ کیلئے وقف کر چکا ہوں۔ تو کوئی وجہ نہیں۔ کہ آپ میری طرف رجوع نہ کریں۔ دنیا میں ایک انسان دوسرے کی مدد کے لئے ہوتا ہے۔ اور اگر میں خدائے کریم کی مخلوق کی کسی قسم کی خدمت کر سکوں۔ تو میری خوش قسمتی ہو اس کے دیئے ہوئے ملکے کی شکر گذاری ہوگی جسمانی امراض کیلئے بہتر سے بہتر تجویز و دوا اور آسمانی تکالیف کیلئے مخلصانہ امداد دینے کے لئے حاضر ہوں۔ میں ہی نہیں قدرت کی ہر چیز جس کو قدرت نے کچھ بخشا ہے جگہ جگہ پر آپ کی خوش قسمتی کا پیغام دیتی ہے۔ لیکن افسوس انسان کی غفلت بدقسمتی کو دعوت دیتی رہتی ہے۔ پھر مصائب کی ایک خوفناک تاریکی اپنا تسلط جما کر انسان کو بے پر و بال کر دیتی ہے۔ اب وقت ضائع کرنا بہتر نہیں۔ میں منتظر ہوں مگر صرف شریعت سے تجاوز کرنے اور ناجائز کاموں کے لئے کوئی صاحب مجبور نہ کریں۔

آپ کا مخلص ۱۔ کاشف البرنی

روحانی دنیا کی نادر کتب

قواعد عملیات اس کتاب میں ہر قسم کے عملیات کیلئے اوقات اور ان کی جملہ ہدایات دی گئی ہیں۔ اعمال کے لئے ماہ و دن ساعت کا استخراج۔ تسخیر سیارگان۔ شرائط اعمال۔ حب و بغض۔ پرہیز۔ رفتار کواکب و بروج۔ نظرات شرف و ہبوط۔ استخراج ہفت سیارگان بالجدید۔ بروج سیارگان کے خواص و صدقات۔ طبائع کواکب و حروف۔ موکلات سیارگان و بروج و حروف اور ہر قسم کے نقش پر کرنے کا طریقہ ان کے خواص لکھے گئے ہیں۔

قیمت فی جلد ۸ر۔ محصول ڈاک ۴ر

رموز الجفر دوسری بار طبع ہو گئی ہے۔ اس کتاب میں متقدمین علماء جفر کے اعمال علم تکسیر سے بیان کئے گئے ہیں۔ جلہ کی ضرورت نہیں۔ وقت اور ترکیب ہی ان میں اثر پیدا کر دیتی ہے۔ تمام اعمال تجربہ کی میزان پر تلے ہوئے پیش کئے گئے ہیں۔

اپنے موضوع پر دنیا کی سب سے پہلی کتاب ہے۔ اور جفر کے آثار کے خالقین کے لئے تحفہ ہے۔ اس میں اسماء حسنیٰ کے عملیات۔ قواعد عمل تکسیر۔ موکلات۔ نام سر حروف۔ موکلات برج سیارگان۔ عمل زبان بندی۔ عمل تکسیری برائے محبوب۔ راہ لبتی محبوب۔ ترکی مدارج و ہدایات طرزی مخلوق۔ بغض و حب کے خاص عمل طلسمی چراغ۔ عمل شرف عطارد۔ رست غیب۔ اسم اعظم افلاطون۔ تسخیر حیوانی و آبی جانوران و بارش وغیرہ۔ تکسیر قطبی برائے عداوت۔ ایک خفیہ تحریک پیش رزق۔ عمل جفر۔ جامع مجلد و مسافر۔ گرہ کشائی کے لئے شرف زہرہ۔ نقش یا بدوح۔ مرئیت ملاقات۔ بیمار کرنے کا عمل۔ روحوں کو بلانا۔ شرف آفتاب۔ خاتم نورانی کے نایاب عمل کے علاوہ صورۃ اخلاص۔ بسم اللہ شرائط۔ یا معطیا یا وہاب۔ سورۃ مزمل کے اعمال۔ عمل کشائش حاضرات۔ دفع امراض کے عمل۔ سنز جنتر کے ٹوٹکے۔ سندباد اور علم جفر کے ذریعہ حالات معلوم کرنے کے طریقے بیان کئے گئے ہیں۔

قیمت فی جلد ڈیڑھ روپیہ۔ محصول ڈاک ۵ر

شانِ خدا ۔ خدا کے وجود پر بہترین کتاب ہے۔ جس میں یورپین دہریوں کے اعتراضات کے جواب میں یورپ ہی کے بعض فلسفیوں اور سائنسدانوں کے اقوال و استدلال پیش کئے ہیں۔ جن میں سقراط۔ افلاطون۔ وان لو۔ روسیو۔ نیوٹن کے نام قابل ذکر ہیں۔ ہر مسلمان کو عقیدہ ایمان کی مضبوطی کے لئے اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے کتاب آسان اور دلچسپ پیرایہ میں ہے۔

پونے دو سو صفحات۔ قیمت ایک روپیہ۔ محصول ڈاک ۵ر

زرینہ ۔ حسن و عشق کی ایک دلفریب اور رومانی داستان۔ ایک دلچسپ ناول ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ۔

اسلامی پارلیمنٹ کا آئین ۔ قانون اسلام پر ایک بہترین کتاب ہے۔ معلومات میں اضافہ کیجئے۔ قیمت ایک روپیہ ۴ر

تعلیماتِ اقبال ۔ علامہ اقبال نے اپنی قوم کو جن باتوں کی تلقین کی ہے۔ ان کو ایک مجموعہ کی شکل میں پیش کیا ہے۔ یہ کتاب علامہ کی تمام کتابوں کا نچوڑ ہے قیمت بلا لاگ

جنگِ احد ۔ اسلام کا ابتدائی بابرکت دور۔ نبی عرب کی بعثت کے بعد اسلام پر دوسری مصیبت۔ کفر و ایمان کی باہمی کشمکش کے متعلق دلچسپ تاریخی ناول۔ قیمت ۱۲ر

جنگِ بدر ۔ اسلام کی پہلی تبلیغ۔ شرک و جہالت کی معرکہ آرائی۔ کفر و ایمان کی باہمی کشمکش۔ حق کی باطل پر پہلی کامیاب فتح۔ ایک ناول کی صورت میں پڑھیں۔ قیمت ایک روپیہ

فتح اسلام ۔ اس کتاب میں ایک اسلامی مناظر کے مقابلہ آور زبردست دلائل سے عاجز و لاجواب ہو کر چند مشہور آریہ پرچارکوں کے مشرف بہ اسلام ہونے کا ذکر۔ قیمت ۱۲ر

تاشر دکن ۔ ممالک محروسہ سرکار عالی کے تاریخی آثار اور یادگاروں پر ایک تاریخی کتاب۔ مولفہ ڈیر۔ قیمت تین روپیہ

گنجینہ آیورویدک ۔ آیورویدک و طبی معلومات کا نچوڑ۔ مجرب اور آزمودہ نسخہ جات کا خزانہ۔ از۔ این چودھری کی لاثانی تصنیف۔ چار صد صفحات۔ قیمت دو روپیہ

کاشفِ رموز کیمیا ۔ علم کیمیا پر ایک زبردست کتاب۔ چار سو صفحات۔ قیمت چار روپے۔

عطائے کرام کا مستقبل ۔ ہمارے علماء کو کیا ہونا چاہیے۔ اور وہ کیا ہیں۔ اور کس طرح ناموس اسلام اور ناموس ملت کو بچا سکتے ہیں۔ قیمت ۴ر

بیکل کا فلسفہ ۔ ایک مکالمہ کی صورت میں سیاسی لٹریچر۔ قیمت تین آنہ۔

باغِ خیال ۔ ہر قسم کے شعر جو ہر موقعہ کے لئے مناسب ہیں۔ ردیف کے مانحت دیئے گئے ہیں۔ شعر و شاعری سے تعلق رکھنے والوں کے لئے ایک بیش قیمت مواد۔ مشہور شاعروں کا منتخبہ کلام۔ قیمت ۲ روپے۔

مسلم انڈیا ۔ حضرت کاشف البرنی کی حیرت انگیز تصنیف۔ جس میں ہندوستان کے ہندو مسلم بڑی بڑی ہستیوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ مسلم انڈیا کس طرح بن سکتا ہے۔ موجودہ سیاسی حالات پر ایک بہترین لٹریچر۔ قیمت ۳ روپے۔

دفتر روحانی دنیا ہسپتال روڈ۔ لاہور

جنتری ماہ اپریل ۱۹۴۴ء

نام ایام	تاریخ	ہندی تاریخ	ہندی مہینہ	ہندی پکھ	نکشتر	یوگ	کرن	کیفیت
ہفتہ	۱	۷	۱۲	۲۳	۲۰	سرطان	۹ گھنٹے ۱۰ منٹ	۳ گھنٹے دنگا فسادی۔ سعدون
اتوار	۲	۸	۱۳	۲۴	۲۱	۰	۰	۴ گھنٹے ۱۰ منٹ عام زمی۔ سعدون
سوم	۳	۹	۱۴	۲۵	۲۲	۰	۰	۵ گھنٹے ۱۰ منٹ سعدون
منگل	۴	۱۰	۱۵	۲۶	۲۳	اسد	۲۸ منٹ صبح	۶ گھنٹے ۱۵ منٹ ۲ بجے تک کس دن
بدھ	۵	۱۱	۱۶	۲۷	۲۴	۰	۰	۷ گھنٹے ۱۸ منٹ گیارھویں شریف۔ سعدون
جمعرات	۶	۱۲	۱۷	۲۸	۲۵	سنبلہ	۱۸ گھنٹے ۴۸ منٹ	۷ گھنٹے ۱۸ منٹ سعدون
جمعہ	۷	۱۳	۱۸	۲۹	۲۶	۰	۰	۷ گھنٹے ۱۹ منٹ ساری رات کس
ہفتہ	۸	۱۴	۱۹	۳۰	۲۷	۰	۰	۷ گھنٹے ۱۵ منٹ پونا شمی برت۔ ۱۰ بجے تک کس رات
اتوار	۹	۱۵	۲۰	بیساکھ	۲۸	میزان	۱۲ گھنٹے ۱۲ منٹ	۷ گھنٹے ۱۲ منٹ سعدون
سوم	۱۰	۱۶	۲۱	۲	۲۹	۰	۰	۷ گھنٹے ۱۳ منٹ سعدون
منگل	۱۱	۱۷	۲۲	۳	۳۰	عقرب	۱۰ گھنٹے ۱۰ منٹ	۷ گھنٹے ۱۰ منٹ ۴ بجے دن سے کس
بدھ	۱۲	۱۸	۲۳	۴	۳۱	۰	۰	۷ گھنٹے ۱۱ منٹ سارا دن کس
جمعرات	۱۳	۱۹	۲۴	۵	بیساکھ	قوس	۱۰ گھنٹے ۱۰ منٹ	۷ گھنٹے ۱۰ منٹ سیلاب لکھی۔ سعدون
جمعہ	۱۴	۲۰	۲۵	۶	۲	۰	۰	۷ گھنٹے ۹ منٹ سعدون
ہفتہ	۱۵	۲۱	۲۶	۷	۳	جدی	۱۰ گھنٹے ۱۰ منٹ	۷ گھنٹے ۸ منٹ سعدون
اتوار	۱۶	۲۲	۲۷	۸	۴	۰	۰	۷ گھنٹے ۷ منٹ سعدون
سوم	۱۷	۲۳	۲۸	۹	۵	۰	۰	۷ گھنٹے ۶ منٹ سعدون
منگل	۱۸	۲۴	۲۹	۱۰	۶	دلو	۴ گھنٹے ۵۰ منٹ صبح	۷ گھنٹے ۵ منٹ ۲ بجے تک کس دن
بدھ	۱۹	۲۵	۳۰	۱۱	۷	۰	۰	۷ گھنٹے ۴ منٹ سعدون
جمعرات	۲۰	۲۶	۳۱	۱۲	۸	حوت	۱۰ گھنٹے ۱۰ منٹ صبح	۷ گھنٹے ۳ منٹ عطارد جنتیں
جمعہ	۲۱	۲۷	نور	۱۳	۹	۰	۰	۷ گھنٹے ۲ منٹ کس دن
ہفتہ	۲۲	۲۸	۲	۱۴	۱۰	حمل	۱۰ گھنٹے ۱۰ منٹ صبح	۷ گھنٹے ۱ منٹ سعدون
اتوار	۲۳	۲۹	۳	۱۵	۱۱	۰	۰	۷ گھنٹے ۵۹ منٹ عطارد غروب
سوم	۲۴	۳۰	۴	۱۶	۱۲	ثور	۱۰ گھنٹے ۱۰ منٹ صبح	۷ گھنٹے ۵۸ منٹ چاند نظر آئیگا۔ سعدون
منگل	۲۵	چیت	۵	۱۷	۱۳	۰	۰	۷ گھنٹے ۵۸ منٹ سعدون
بدھ	۲۶	۲	۶	۱۸	۱۴	جوزا	۱۰ گھنٹے ۱۰ منٹ صبح	۷ گھنٹے ۵۷ منٹ کس دن
جمعرات	۲۷	۳	۷	۱۹	۱۵	۰	۰	۷ گھنٹے ۵۶ منٹ سعدون
جمعہ	۲۸	۴	۸	۲۰	۱۶	۰	۰	۷ گھنٹے ۵۵ منٹ سعدون
ہفتہ	۲۹	۵	۹	۲۱	۱۷	سرطان	۱۰ گھنٹے ۱۰ منٹ صبح	۷ گھنٹے ۵۴ منٹ سعدون
اتوار	۳۰	۶	۱۰	۲۲	۱۸	۰	۰	۷ گھنٹے ۵۲ منٹ ۱۰ بجے تک کس دن

عملیاتِ جفر کا چلتا ہوا نقش معظم

رجسٹرڈ

سلیمانی

اگر آپ پریشانی اور گردش ایام نے احاطہ کیا ہوا ہے۔ کام بن بن کر بگڑ جاتے ہیں۔ کرتا کچھ ہوتا ہے۔ ہوتا کچھ ہے۔ کسی مقدمہ کی وجہ سے پریشانی ہے۔ دشمنوں نے تنگ کیا ہوا ہے۔ روپیہ پانی کی طرح صرف ہو رہا ہے۔ کسی جیدہ اور لاعلاج مرض میں ڈاکٹروں اور حکیموں سے عاجز آ چکے ہیں۔ پردیس میں کسی دشمن کا ڈر لگا ہوا ہے۔ کہ وطن جاتے ہی کوئی نہ کوئی جھگڑا کھڑا کرے گا۔ سوداگار کے ہاتھوں نقصان ہیں۔ بنتے ہاتھ پاؤں مارتے ہیں۔ مگر نا امیدی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے ہاتھ میں پیسہ نہیں ٹھہرتا۔ آتا ہے اور نکل جاتا ہے۔ اولاد کی خواہش ہے۔ یا اولاد ہو کر زندہ نہیں رہتی۔ شادی بیاہ کی صورت نظر نہیں آتی۔ رشتہ بن بن کر ٹوٹ جاتا ہے۔ صحت دن بدن بگڑتی رہتی ہے۔ آئے دن کوئی نہ کوئی بیماری گھیرے رہتی ہے۔ افسر ہزار کوششوں پر بھی ناراض ہیں

عرضیکہ کسی قسم کی بھی پریشانی ہے تو

فتحنامہ

رجسٹرڈ

سے اپنی زندگی پُر لطف بنا لیجئے۔ چند ہی دنوں میں معلوم ہوگا۔ کہ کوئی غیبی طاقت آپ کے گرد و پیش ہے آپ اپنے کاموں کو حیرت انگیز طور پر بنتے دیکھ کر حیران رہ جائیں گے۔

ہدیہ

ملازمت اور ترقی کے لئے ۔ قرض اتارنے ۔ روزگار میں برکت ہونے یا روزگار لگنے کے لئے تین روپے دس آنے ۔ امتحان میں کامیابی کے لئے پانچ روپے چار آنے اور جب کے لئے سات روپے چار آنے

(علاوہ محصول ڈاک)

روحانی دارالعلاج ۔ ہسپتال روڈ ۔ لاہور

ان صلواتی و نسکی ومحیای ومماتی للہ رب العلمین
لاشریک لہ وبذالک امرت وانا اول المسلمین

میری نماز۔ میری عبادت۔ میری قربانیاں اور بستیں بلکہ میری زندگی اور میری موت کتنی مخلوق کے لئے ہیں۔ اللہ کے لئے ہے۔ جو سارے زمانے کا پالنہار ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے۔ اور سب سے پہلے میں اپنا سب کچھ خدا کے سپرد کرتا ہوں۔ اور اس کے آگے جھکتا ہوں۔

روحانی دنیا

بابت ماہ اپریل سنہ ۱۹۴۴ء

جلد ۲۵ ——— نمبر ۵

انکشافِ حقیقت

دعا ایک عالمگیر ارادہ ہے۔ جو انسان کے اندر اس وقت جاگتا ہے۔ جب وہ کسی خطرہ یا مصیبت کو رفع کرنے یا کوئی مراد حاصل کرنے میں اپنی طاقت کو ناکافی جان کر اپنے آپ سے قوی تر ہستی سے امداد چاہتا ہے۔ ہم روزمرہ کی زندگی میں اپنے آپ سے زیادہ طاقت اور قابلیت رکھنے والے لوگوں کے سامنے دعا کرنے کے لئے مجبور ہوتے ہیں۔ جب کوئی طالب علم کسی سوال کے حل کرنے میں عاجز ہو جاتا ہے۔ تو اس سوال کے حل میں استاد سے مدد مانگتا ہے۔ یہ دعا نہیں تو اور کیا ہے؟ اسی طرح بیماری کی حالت میں ہم حکیم یا ڈاکٹر سے استدعا کرتے ہیں۔ محکوم اپنے حاکم کے روبرو استدعا کیا کرتا ہے۔

مگر اصطلاح مذہب میں دعا کے یہ معنی سمجھے جاتے ہیں۔ کہ کسی خطرے کے سامنے یا کسی مراد کے لئے اپنے آپ کو بس یا کمزور جان کر اس ہستی سے مدد چاہنا جو اس دنیا کو پیدا کرنے اور نظام میں رکھنے والی ہے۔ اور جو لامتناہی طاقت رکھتی ہے۔ جس ہستی کے بیشمار تصورات اور نام پائے جاتے ہیں۔ لیکن سب کا مفہوم ایک ہی ہے۔

نوٹ:- تحویل آفتاب ۲۰ مارچ کو ہے۔ گذشتہ رسالہ میں صرف انگریزی تاریخ غلط تھی

اگر اپنے آپ سے زیادہ قابل اور طاقت ور لوگوں کے آگے استدعا کرنا ایک قدرتی بات ہے تو اس طاقت کے آگے جو کل کائنات کی خالق اور مالک ہے۔ کسی خطرے سے بچنے یا کسی مقصد کے حصول کے لئے دعا کرنا ایک قدرتی ہے۔ میں تو یہاں تک کہوں گا۔ کہ ہم دعا کئے بغیر رہ نہیں سکتے۔

اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ جس طرح دوسرے زیادہ قابل اور طاقت ور لوگوں کے آگے دعا اپنا اثر اور فائدہ رکھتی ہے۔ کیا اس ہستی کے روبرو جو اس کائنات کی خالق اور مالک مانی جاتی ہے۔ دعا کوئی اثر یا فائدہ رکھ سکتی ہے؟

مذاہب ہمیں یقین کرتے ہیں۔ کہ اپنے خالق و مالک کے آگے دعا کرنا کل برکات کی کنجی ہے۔ دعا سے ہی تمام روحانی کمالات حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اور دعا ہی مخلوق کو اپنے خالق۔ بندہ کو اپنے مالک کے ساتھ ملنے کا بہترین اور نہایت سیدھا اور قدرتی ذریعہ ہے۔

نیز اثرات کے لحاظ سے بھی دیکھا جائے۔ تو اس بات سے انکار کرنا مشکل ہے۔ کہ دعا سے ہمارے سکون میں ترقی ہوتی ہے۔ بے خوفی بڑھتی ہے۔ پاکیزگی حاصل ہوتی ہے۔ امراض سے اپنے آپ کو یا دوسروں کو شفایاب کیا جا سکتا ہے۔ خطرے اور ضرورت میں بالاتر از قیاس و وہم امداد کا ملنا بارہا تجربے میں آتا ہے۔ ان اثرات کا تجربہ ہمیں اس ناپید اور نامعلوم ہستی کے سامنے دعا کو ضروری بتلاتا ہے۔ جس کے سامنے کوئی انسانی تدبیر صحیح نظر نہیں آتی۔ اور جس کی قدرت و حکمت بے پایاں ہے۔ اگر جب دعا کے اثرات میں شک کی گنجائش نہ رہی۔ تو اس کی حقیقت سے کس طرح انکار ہو سکیگا۔

مگر دعا کے اثرات کے ناقابل انکار ہونے پر بھی عام طور پر اس میں دوئی کا وہم موجود ہوتا ہے۔ بیشک اپنے آپ سے زیادہ قابل اور طاقت ور لوگوں سے امداد چاہنے کی مانند اس ہستی سے جو کل طاقتوں کا سرچشمہ ہے۔ امداد چاہنا ایک قدرتی بات ہے۔ مگر ارد گرد کے لوگوں کی مانند اس ہستی کو بھی اپنے آپ سے باہر اور الگ جان کر اس کے سامنے تقریری یا ذہنی درخواست پیش کرنا ایک وہم ہی ہے۔ کیونکہ وہ حقیقی اور لامحدود ذات اس قدر ہمارے ارد گرد اور باہر نہیں۔ جس قدر وہ خود ہماری روحانی ہستی میں موجود ہے۔ اس ہستی اور اس کی لامتناہی طاقت کو اپنی ہستی کے اندر مان کر اس سے امداد حاصل کرنا تو ہر ایک قسم کی ترقی اور کامیابی کا خانہ ہے۔ مگر اس ہستی کو اپنے آپ سے الگ مان کر اس کے روبرو درخواستیں گزارنا وہم سے خالی نہیں ہے۔ جو کچھ ہم اپنے ارد گرد دیکھتے یا خیال کرتے ہیں۔ وہ سب کا سب ہی ہمارے حواس اور ذہن میں اس حقیقی ہستی کے جمال و شان کا عکس ہی تو ہے۔ خود وہ غیر محدود ذات ہماری روحانی ہستی کے اندر کلی طور سدا اور ہر جگہ موجود ہے۔

ہماری دعائیں اس غیر محدود ذات کو ایک خارجی ہستی جان کر کی جاتی ہیں۔ اور ان کی تہ میں چھپے ہوئے شک اور دوئی موجود ہوتے ہیں۔ معبود کو اپنی ہستی سے خاصلے پر ماننا اور اپنے اندر برکات کا آنا خیال کیا جانا ایک دھوکہ ہے۔ کل حقیقت ہماری اپنی ہستی کے اندر ہے

ہے۔ اور کل حالت اور روشنی کا چشمہ ہمارے باطن میں موجود ہے۔

دعا کی سچائی یہ ہے۔ کہ کل حالت۔ روشنی اور برکت کا چشمہ ہماری اپنی ہی روحانی ہستی میں موجود ہے۔ اور اپنی طاقتوں کا مناسب استعمال اور اندرونی روشنی کا عملی پرتاؤ ہمیں اندر ہی سے طاقت اور روشنی کو اندر ہی اندر ظاہر کرتا ہے۔ جس طرح جسمانی ورزش سے اپنے اندر کی ہی مخفی یا خوابیدہ طاقت جاگ جاتی ہے۔ اسی طرح دعا میں ہمیں خیالات اور احساسوں کو الفاظ میں ظاہر کرنے کی مشق کی عادت ہے۔ انہیں کے ذریعے اپنی اندرونی اور روحانی طاقتیں جاگتی ہیں۔ اور اپنی ہی باطنی برکات کے تسلی کھلتے ہیں۔

اپنے آپ سے باہر یا اور ایک غیر ہستی کے آگے دعا کرتے ہوئے اگرچہ اپنے ہی خیالات اور احساسوں کی راہ سے اندرونی طاقتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ مگر اپنے معبود اور مالک و خالق کی غیریت کا دھوکہ ہماری عاجزانہ نیت اور عادات کو قائم رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ دنیا کی حکومتیں اپنی سیاسی اغراض کے لئے دعاؤں سے کام لیا کرتی ہیں۔

جب تک انسان کسی خارجی خدا سے اپنی مرادیں یا اس کی پناہ مانگتا ہے۔ تب تک وہ دھوکے میں ہے۔ اور اپنے اندر خدائی کا بیج رکھتا ہے۔ اس دھوکے سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے۔ کہ انسان بڑے مصائب اور مشکلات کو رفع کرنے یا عظیم مقاصد کے حصول کے لئے اپنی ہمت۔ عقل اور تدبیر پر بھروسہ نہ کرتا ہوا اس خارجی ہستی کی پناہ مانگتا اور اس کے سامنے گڑگڑایا کرتا ہے۔

اس وجہ سے جو ملک اور اقوام ایک خارجی ہستی کے روبرو دعا کرنے کو ہی ذریعہ کامیابی مانتے ہیں ان کی زندگی ٹھہراؤ اور تعطل کی حالت میں ہے۔ ان پر اختراع و ایجاد کے دروازے بند ہیں۔ قحط۔ وباؤں۔ زلزلے۔ اجناس۔ بیماریوں۔ کم عمری کو دور کرنے کے لئے اپنی طاقتوں کو مشغول کرنے کے بجائے تقدیر پر زور دینے کی وجہ سے کسی غیر ہستی کے رحم کی اُمیدیں دلائیں ملنے سے انسانی ارتقاء میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔

کسی کو بھی دعا کی بنیاد اس صحیح اعتماد پر ہونی چاہئے۔ کہ اپنے حقیقی اور اندرونی اپنے آپ میں ہی کل طاقتوں۔ روشنیوں اور برکتوں کے بے شمار خزائن موجود ہیں۔ اپنے اردگرد معلوم ہونے والی دنیا اور اس کی ہر شے اور انسان اس اندرونی ہستی کی ظہور کی جھلکوں کے سوا کچھ نہیں۔ اپنا آپ ہی کل [illegible] کا سرچشمہ ہے۔

انسانی زندگی کا اعلیٰ مقصد خارجی کامیابی بنانے کے لئے نہیں۔ بلکہ اپنی اندرونی لامتناہی روحانی طاقت کو باہر کی مشکلات پر فتح پانے کے لئے ہے۔ حقیقی روحانی زندگی کا کام کسی سے لینے یا کسی پر بھروسہ کرنے کا نہیں۔ بلکہ اپنی اندرونی آزادی اور خوشی سے سب کو دینا اور سب سے بے نیاز رہنا ہی عارف کامل کی گرانقدر [illegible] کی جاریاں ہیں۔

حقیقی دعا [illegible] صحیح خیالات اور [illegible] مشکلوں کو دور بھگانے کیونکہ انہیں ہماری [illegible] اندرونی طاقتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ غیریت کی دعا اکثر اوقات زندگی کی ایک رسم بن جاتی ہے مثلاً

اوقات پر دعائیں کرتے ہوئے بھی ہماری زندگی میں کوئی بہتر تبدیلی پیدا نہیں ہوتی۔ اور عام طور پر مانگنے کی دعا خود غرضی کی دعا ہوتی ہے۔ لیکن حقیقت کی حقیقی دعا خود زندگی ہوتی ہے۔ اس میں صرف یہی بات ہر وقت دیکھنی ہوتی ہے۔ کہ ہمارے دماغ میں نیک اور اعلیٰ خیالات ہی اٹھا کریں۔ اپنی اعلیٰ خیالات کے مطابق اعمال بہتر سرزد ہوں گے۔ وہی برکات ہیں۔

ذرا آسانی کے لئے کچھ اور سمجھ لو۔ وہ لوگ جو خدا کو بہت دور آسمانوں میں بیٹھا ہوا کارخانہ قدرت کو چلاتے سمجھ رہے ہیں۔ اُن کی دعا مشکل پوری ہوتی ہے۔ خدا تمہارے پاس ہے۔ وہ دور نہیں۔ خدا تمہارے اندر ہے وہ دوسری ہستی نہیں۔ دعا اس طرح کرو۔ کہ تمہارے اندرونی احساسات جاگ اٹھیں۔ تمہارا ضمیر بیدار ہو جائے۔ ضمیر کا بیدار ہونا ہی خدا سے ڈرنا ہے۔ جب چور چوری کرنے جاتا ہے۔ تو سپاہی کو دیکھ کر راستہ بدل دیتا ہے۔ لیکن انسان یہ جانتے ہوئے بھی کہ خدا شاہ رگ سے زیادہ نزدیک ہے۔ سب چوریاں کرتا ہے۔ تمام مناہی امور میں قدم مردانہ وار رکھتا چلا جاتا ہے۔ اس وقت وہ بھول چکا ہوتا ہے۔ کہ خدا خود اندر بیٹھا ہے۔ اور حقیقتاً یہ لوگ خدا کے منکر ہیں۔ خدا کی عبادت یہی ہے۔ کہ کوئی کام کرو۔ نیک یا بد تمہیں معلوم ہو کر محاسب پاس بیٹھا ہے۔ اور جب یہ یقین ہو جائے۔ کہ خدا ساتھ ہے۔ تو انسان کوئی برائی نہیں کر سکتا پھر جو دعا ہوگی۔ وہ یقیناً فلاح و بہبود کے لئے ہوگی۔ اور اس دعا کا مطلب ہوگا۔ ارادہ۔ وہ ارادہ اس کی آئندہ زندگی کا لائحہ عمل ہوگا۔ وہ عمل اس کی برکات ہوں گی۔ اور دعا کا نتیجہ!

میرے ان الفاظوں سے باہر جو شخص دعا مانگیگا۔ ناکام رہے گا۔ رسم کو پورا کرنا ان کے لئے زیبا نہیں۔ یہ ایا ہجی ہے۔

(کاتب البرنی)

تولیدِ فرزند

جس شخص کے صرف لڑکیاں ہی ہوں۔ یا اولاد نہ ہوتی ہو۔ تو اس کو چاہئے۔ کہ پہلی قمر بروز بدھ ساعت مطارد میں اس تاریخے سوت کے جو لمبائی میں عورت کی کمر کے برابر ہوں لے۔ اور سورۃ یوسف ۲۶ بار پڑھ کر ایک گرہ دے دے۔ پھر ۲۶ بار پڑھ کر ایک گرہ دے۔ اس طرح تین گرہیں دے۔ اور اس کے آگے پوری یوسف سورۃ خوشخط لکھ کر تعویذ بنا کر باندھ دے (یہ سورۃ خود لکھے یا کسی سے لکھائے۔ مگر اس عمل کرنے سے پہلے تیار ہو) اس کے بعد پھر ۲۶-۲۶ بار پڑھ کر تین گرہیں لگا دے۔ کل چھ گرہیں ہوں گی۔ اور ایک سو چھتیس مرتبہ پڑھی جائے گی جب یہ گنڈا تیار ہو جائے تو عورت کی کمر میں باندھ دیں۔ خدا کے حکم سے عورت صاحب اولاد ہو گی۔

۱۔ سورۃ میں ہر بار بسم اللہ شریف پڑھا کریں۔ ۲۔ عمل کے شروع میں تین مرتبہ درود شریف اور آخر میں بھی پڑھو۔ ۳۔ اگر ایک دن میں یہ عمل نہ ہو سکے۔ تو پھر دن میں ختم کرو۔ یعنی روز کی ایک گرہ وقت مقررہ پر دو۔

حرف یا آور اُس کے اعمال

یہ حرف فارسی ہے۔ آور اُس حروف میں سے ہے۔ جو حروف کرسی ہیں۔ منزل قمر صبہ آور دقیقہ خاک سے متعلق ہے۔ عدد رقمی ۱۰ یفکی ۱۱۔ عددی ۵۷۵ ہیں۔ شلث اس کی ۵۹۰ عدد کی ترکی ہوئے گی۔ سنہ رجعت یا وقت منزل قمر میں اگر اسم طالب و مطلوب کا استخراج کرکے اس میں ۵۹۰ عدد ملائے جائیں۔ آور پوست سگ یا گربہ پر یہ نقش پُر کیا جائے۔ اور گرد مشلث کے چاروں حرف کی لکھیں۔ عداوت یا خصومت یا جدائی جو غرض ہو اس کے اعداد لے کر حرف بحساب کرکے چاروں سمت ایک ایک کاغذ پر چار دو تصویریں بنائیں۔ جن کی پشت ایک دوسرے سے ملی ہو۔ ایک پر صورت کرد دوسری پر کوں کا نام لکھیں۔ تصویروں کے نیچے طالب و مطلوب معہ والدہ آور مطلب لکھیں۔ اور کاغذ کی پشت پر نقش مثلث مذکور پُر کریں۔ یہ نقش دشمن کے مکان میں دفن کریں۔ جہاں دونوں کی پشت در برخاست ہو۔ دونوں میں کمال عداوت ہوگی۔

جس شخص کے نام کے اول ی ہو۔ اس کی امداد عالم کرسی سے ہو۔ آور اگر ایسا شخص جو علوات پڑھتا ہو۔ اس حرف کو سو بار لکھ دھو کر پیئے۔ تو اس کا قلب بدل جائے۔ خدا توبہ کی توفیق دیگا۔ اگر محبت کے لئے اس حرف سے کام لینا ہو۔ تو جب برج قوس ۱۰ درجہ طلوع کرے۔ تب ۱۰ حروف یا کو طالب و مطلوب کے نام میں استخراج دے کر ایک فتیلہ سفید کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بناؤ۔ آور روغن گاؤ ہمراہ شہد ملا کر مطلوب کی طرف منہ کرکے چراغ جلاؤ۔ بخور ہمراہ جلاؤ۔ تو مطلوب حاضر ہوگا۔

اگر زبان بندی کسی کی کرنی ہو۔ تو آخری بدھ کو طلوع سے ایک گھنٹہ کے اندر ۳۶ حرف ی لکھو۔ جو دائرہ کی شکل میں ہوں۔ انہیں کسی بھاری پتھر کے نیچے تاریک جگہ دبا دو۔ تو تمام بدگویوں و مخالفوں کی زبان بند ہو جائے گی

حلوائے گذر

اُن شوقین اصحاب کے لئے جو سردیوں میں مقوی اغذیہ کا استعمال نہیں کر سکتے۔ اس تبدیلی موسم میں۔ یہ حلوائے گذر قیمتی اجزا مشک۔ زعفران موتی وغیرہ سے تیار کیا گیا ہے۔ اس کے استعمال سے بدن میں تازگی آجاتی ہے۔ قوت دماغ اور جنسی طاقت بے پناہ ہو جاتی ہے۔ سستی کاہلت پیدا ہم حال ہے۔ بدن کا رنگ سُرخ ہو جاتا ہے۔ ضعف گردہ مثانہ کو دور کرنے کے لئے نہایت مفید ہے۔ کئی ماہ کے مریضوں اور ضعف دماغ کے شاکی اصحاب ضرور استعمال کریں بے پناہ قوت دیتا ہے اور ہر سیاہ کا خاص نسخہ ہے۔ جو جسمانی کمزوریوں کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ عورتوں کے لئے بھی مفید ہے۔ قیمت دس تولہ تین روپے محصول ڈاک علاوہ۔

پتہ:- حکیم دارالصلاح مہتہ پال روڈ۔ لاہور

کتب خانہ حامی علی ضیاء لاہور

اگھوری دیا

ہندوؤں کے تارک الدنیا اگھوری سنیاسیوں کی تپسیا

برہمانی کتابوں کے مطابق اگھوری بننے کے لئے عامل کو متواتر ۱۲ سال تک تپسیا کرنی پڑتی ہے۔ ان ۱۲ سالوں میں تین سیڑھیاں اسے طے کرنی ہوتی ہیں۔ جن کے متعلق علیحدہ علیحدہ روشنی ڈالی جاتی ہے۔

پہلی سیڑھی :- خود ضبطی کی پہلی سیڑھی ہے۔ اس پر پھونک کر قدم رکھنا پڑتا ہے اس کا عامل نیم کا پابند بھی ہوتا ہے۔ آور جب تک حالت استغراق نہ ہو۔ آور تمام حواس قابو میں نہ ہوں۔ یہ تپسیا شروع نہیں کی جا سکتی۔ عامل کو چاہیئے۔ کہ تارک الدنیا ہو کر سوائے حصول علم کے آور کوئی بات خیال میں نہ لائے۔ کھانے پینے میں بے حد احتیاط رکھے۔ کوئی چیز ایسی نہ استعمال میں لائے۔ جس سے نیند یا سنودگی کی حالت طاری ہو۔ یا قوت حافظہ پر اثر پڑے۔

ان بارہ سالوں میں عامل کو صرف سبزیوں اور پھلوں پر گذارہ کرنا ہوتا ہے۔ مانس اور مچھلی کا تو نام لینا بھی گناہ خیال کیا جاتا ہے۔ آور اس کے ساتھ ہی اہنسا پر بھی پوری طرح پابند رہنا پڑتا ہے۔ آور کسی جاندار کو تکلیف دینا یا کسی کا دل دکھانے والی بات کہنے سے بھی احتراز کرنا پڑتا ہے۔

نیز سوائے اپنے گورو یا مرشد کے کسی دوسرے کی بات پر دھیان نہ دھرے۔ راگ رنگ کی جانب سے بھی دل موڑے۔ حسن و موسیقی اس راستے میں روڑا اٹکانے والی چیزوں میں سب سے زیادہ بُری خیال کی جاتی ہے۔ لہذا اب سے زیادہ قابو کان اور آنکھ پر لازمی ہے۔ آور ان کے ذریعے دیگر حواس پر قابو پانا ضروری ہے۔ گورو پر مکمل اعتقاد ان چیزوں میں بے حد مددگار ثابت ہوتا ہے

اس سال میں اس ہدایت پر عمل کرنے سے انسان کو دنیاوی خواہشات پر پورا پورا قابو حاصل ہو جاتا ہے۔ آور وہ اپنے گورو کے حکم کے مطابق جنگلوں سے شہروں میں آکر خوب گھومتا ہے راگ رنگ سنتا ہے۔ لیکن اس کے دل میں پھر بھی کوئی خواہش پیدا نہیں ہوتی۔ حسن و موسیقی اب اس کے لئے کوئی کشش نہیں رکھتیں۔ بلکہ وہ دوسرے لوگوں کو جذبات آور خواہشات کی گرفت میں پھنسا دیکھ کر وہ ہنستا ہے۔ کہ یہ لوگ کیسے نادان ہیں۔ آور بھول بھلیوں کے چکر میں پڑے ہوئے اپنی قیمتی زندگی ضائع کر رہے ہیں۔

دوسری سیڑھی :- بارہ سال کے بعد دوسری سیڑھی شروع ہوتی ہے۔ یہ دراصل اس کے امتحان کا مرحلہ ہوتا ہے۔ گورو اس کو ہر وقت یہی کہتا ہے۔ کہ جو چیز ملے۔ کھاؤ۔ جو مال ہاتھ لگے اڑاؤ۔ شراب پیو۔ عیش کرو۔ اگر پہلی سیڑھی پر عامل مضبوط رہا ہے۔ تو اس پر تمام کاموں

سے کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ورنہ وہ لغزش کھا جاتا ہے۔ اور یہ بارہ سال کی تپسیا اکارت جاتی ہے۔

اس مرحلہ پر پہنچ کر عامل سرب لگنشی ہو جاتا ہے۔ سب کچھ کھا پی جاتا ہے۔ پرسش کا سوال ہی اڑا دیتا ہے۔ اور اضباط کا نام تک بھول جاتا ہے۔ اس کو گورو پر یہ ثابت کر کے دکھانا ہوتا ہے۔ کہ اب وہ خواہ کتنا ہی بد پرہیز رہے۔ اس کی روح تمام دنیاوی آلائشوں سے پاک رہے گی اور اسے حواس دنیا کو پانے کے لئے دنیا ترک کرنے کی ضرورت نہیں۔ اس مرحلہ پر وہ مردار اور نشہ آور چیزوں سے بھی کھانے سے پرہیز نہیں کرتا۔ وہ گلی کوچوں میں گھومتا رہتا ہے۔ اور کوئی نئی چیز دیکھتا ہے۔ اُسے کھا جاتا ہے۔ کوئی خالی جگہ یا دکان دیکھ کر اڈا جما لیتا ہے۔ ناپاک پتلے پانی بازیات کھٹے کرنے اور جو بھی برتن ہتھ کر کے انبار لگا رکھا ہے۔ بھیک مانگتا ہے۔ لیکن عام فقیروں سے اس کی بھیک مانگنے کی طرز نرالی ہوتی ہے۔ بھنگی سے لے کر رامین تک کے گھر کا کھانا لے کر اسی جگہ بیٹھ کر کھانے کے برتنوں میں بھر کر رکھ دیتا ہے۔ وہیں ایک طرف تو کتے کھاتے ہیں۔ اور دوسری طرف وہ نفرت کو بالائے طاق رکھ کر کھانا شروع کر دیتا ہے۔ اکثر کتابوں میں تو ایسا بھی لکھا ہے کہ یہ فقیر اپنا پاخانہ بھی اسی جگہ پر کرتے ہیں۔ ہر جاندار جانتے کہ انسانی گوشت کھانے سے بھی پرہیز نہیں کرتے۔ مذہب۔ پرہیز۔ شرم۔ نفرت۔ محبت۔ ذائقہ وغیرہ سب چیزیں ان سے رخصت ہو جاتی ہیں۔

اس دوران میں گورو دن بھر بھیک مانگتا اور کھاتا پیتا رہتا ہے۔ لیکن کسی دنیادار سے آنکھ نہیں ملاتا۔ مطلب کی بات تک بھی زبان پر نہیں لاتا۔ اگر کوئی بھول کر بھی مطلب کی بات نہ کہے چلے۔ تو اسی وقت خاص طور پر غائبی سائیں کر کے اپنے آپ کو مخبوط الحواس ظاہر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ تاکہ کوئی دنیا دار کی تہ تک نہ پہنچ جائے۔ بارہ سال اسی حالت میں رہ کر وہ گھر واپس آتا کا دھکاری سمجھا جاتا ہے۔

تیسری سیڑھی :- یہ کامیابی کا آخری زینہ لکھا ہے۔ کہ جب پورے ۲۴ سال بعد طالب گھر گورو کے پاس جاتا ہے۔ تو گورو اس صادق خادم کو زندہ ہی جلتی آگ میں پھینک دیتے ہیں۔ تاکہ اس کا شعور مکمل طور پر چپ چاپ بیٹھا رہے۔ اور سرتاپا جل کر کباب ہو جائے۔ تو گورو اسے آگ سے نکال کر خوب مزے سے کھا جاتے ہیں۔ اور ڈھانچے کو پانی سے خوب صاف کر کے اسے نئی قوت سے دوبارہ زندہ کر کے ایسا ہی بنا لیتے ہیں۔ اب اس میں وہ تمام طاقتیں آجاتی ہیں جیسی ہم کوں وغیرہ میں خیال کرتے ہیں۔ اب اس کو کسی اکھیاس کی ضرورت نہیں رہتی۔ گورو اور چیلہ کے تعلقات ختم ہو جاتے ہیں۔ لیکن ابھی اسے مزید بارہ سال دنیا کا چکر لگانا ہوتا ہے جس میں وہ ہر ایک جگہ اپنی موجودگی کا دیدار کرتا ہے۔ اس دوران میں تناسخ کا تقاضہ ختم ہو جاتا ہے۔ اور گیان کی تڑپ اسے جیون مکت میں جانا ہوتا ہے۔ وہ جاکر مشیت ایزدی میں لیلا کرتا ہے۔ کتابوں سے ایسے مہاتماؤں کے متعلق سنا گیا ہے۔ کہ ایک جگہ تو ان کے نام دیکھے جا سکتے ہیں۔ اور دوسری جگہ انہیں صبح لاہور دیکھا ہے۔ تو دوپہر کلکتہ جگہ ایک

ہی اوقات میں کئی مختلف جگہوں پر دیکھے جا سکتے ہیں۔ جو کام کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ جو قالب ڈھالنا چاہیں۔ ڈھال سکتے ہیں۔ جب یہ بارہ سال بھی ہو جاتے ہیں۔ تو وہ بے خودی جیسی آسمانہ کی حالت میں آتا ہے۔ ایک ہی ذات واحد کا جلوہ ہر رنگ اور ہر شے میں نمایاں دیکھتا ہے۔ دوئی کا پردہ دور ہو جاتا ہے۔ اسے کوئی خواہش نہیں رہتی۔ وہ عامل کامل ہو جاتا ہے۔

مذکورہ بالا چیزیں میں نے مختلف مہاتماؤں کی زبانی سنی ہیں۔ اور اکثر کتابوں میں بھی پڑھی ہیں اس عمل کے ساتھ ساتھ خاص منتر وغیرہ بھی بتائے جاتے ہیں۔ جن کا باقاعدہ ورد کرنا ہوتا ہے۔ آخر اس تپسیا کے دوران میں اسے مزید اس قسم کا جاپ وغیرہ کرنا ہوتا ہے۔ سب سے بڑی مشکل گورو کا تلاش کرنا ہے۔

مار گزیدہ کا حیرت انگیز عمل

ایک عجیب عمل پیش کرتا ہوں۔ قضائے الٰہی کا تو علاج نہیں۔ مگر عمل میں زبردست طاقت ہوتی ہے سب سے پہلے زکوٰۃ ادا کریں۔ طریقہ اس کا یہ ہے۔ کہ ایک خالی کمرہ میں اپنا کل سامان رکھ لیں۔ آپ ایک ہی دستور اتخاذ کر لیں۔ فرض کریں۔ یہ سانپ کاٹا ہے۔ بعد غائب تمام کاموں سے فارغ ہو کر چادر بچھا کر بیٹھ جائیں۔ اور چراغ بجھا دیں۔ ایک ہزار گیارہ مرتبہ اس عمل کو پڑھیں۔ دھیان سوراخ کی طرف رہے جہاں سانپ نے کاٹا تھا۔ چار پائی پر بغیر کسی سے بات کئے سو جائیں۔ سوراخ کی طرف دھیان رکھتے ہوئے یہ تصور ہو کہ اس سوراخ میں سانپ موجود ہے۔ چالیس دن میں زکوٰۃ پوری ہو جائے گی۔ بعد ادائے زکوٰۃ روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

اب دم کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو۔ گیارہ مرتبہ پڑھتے جائیں۔ اور ہاتھ سے زخم کو جھاڑتے جائیں۔ زہر نکلتا ہوا معلوم ہوگا۔ اگر کوئی شخص مریض کی طرف سے خبر دیتا ہے۔ تو اس سے پوچھیں۔ کہ کس جگہ سانپ نے کاٹا ہے۔ خبر دینے والے کے اس جگہ دم کریں۔ اور جس کو سانپ نے کاٹا ہو اس کا نام لے لیں۔ بفضل تعالیٰ شفا ہوگی۔ عمل یہ ہے:۔ وَاِذَا بَقَسَّمَ اَوْ تقسیم جاری۔

قبض شکن گولیاں

قبض تمام بیماریوں کی جڑ ہے۔ اس سے تو آپ کو بھی اتفاق ہوگا۔ بعض اوقات چھوٹے سے چھوٹا مرض محض قبض دور ہو جانے سے رفع ہو جاتے ہیں ہماری قبض شکن گولیاں معدہ سے تمام زہریلا مواد بلا کسی تکلیف کے نکال کر معدہ کو تقویت عطا کرتی ہیں ان کے استعمال سے کوئی بے چینی۔ پریشانی اور سستی وغیرہ نہیں ہوتی۔ صبح بافراغت اجابت ہو جاتی ہے عمر بھر کے مریض سے لے کر نوجوان سب کو یکساں مفید ہے۔ قیمتی درجن گولیاں ۱۰ روپے

منیجر روحانی دارالاشفاء ہسپتال روڈ۔ لاہور

علم النفس

یہ سانس جسم انسان کی اس مشین میں کن طاقتوں سے کام کرتی ہیں۔ جو زندگی کی طاقتیں کہلاتی ہیں۔ ان میں سے پانچ طاقتیں زندگی کے پانچ حصہ کے بیان ہیں۔ اول مقام دل۔ دوم مقام جائے فضلہ۔ سوم مقام ناف۔ چہارم مقام حلق۔ پانچویں طاقت تمام جسم میں پھیلی ہوئی ہے۔ یہ ابتدائی طاقتیں ہیں۔

ان پانچ طاقتوں کو حسوں میں بانٹ دیا گیا ہے۔ اول حس آنکھوں میں ہے۔ دوسری حس ناک اور منہ سے تعلق رکھتی ہے۔ تیسری حس جسم کی جلد میں رد و بدل کرتی ہے۔ چوتھی حس جسم کے اندرونی حصہ کو صاف کرتی ہے۔ پانچویں حس موت کے بعد روح نکل جانے پر بھی قائم رہتی ہے۔ انہی دس قوتوں پر سانس کا دارومدار ہے۔ اس سانس کے آنے جانے اور آمد و رفت کے علم کو علم النفس کہتے ہیں۔

سانس کی رفتار کی کمی بیشی

جب ہوا بائیں نتھنے سے کھینچی جاتی ہے۔ تو سانس بائیں نتھنے سے چلتا ہے۔ جب دائیں نتھنے سے سانس کھینچا جاتا ہے۔ تو دائیں سانس چلتا ہے۔ جب مشترکہ سانس ہوتا ہے۔ تو دونوں نتھنوں سے سانس چلتا ہے۔ جس وقت سانس باہر نکلتا ہے۔ اس وقت اس کی رفتار دس انگل ہوتی ہے۔ جب اندر سے باہر کو نکلتا ہے۔ اس وقت بارہ انگل کے قریب تک جاتی ہے۔ جب چلتا ہے۔ اس وقت ۱۶ انگل دور ٹانے میں۔ ۲۰ انگل بولنے کے وقت۔ ۲۴ گانے کے وقت۔ ۳۰ انگل سانس رت کے وقت۔ ۳۶ کھانے کے وقت ہوتا ہے۔ اس طرح سو انگل تک سانس کی جگہ ہے۔ علم النفس کے عامل جسم انسانی میں ۲۱ ہزار رگیں بتاتے ہیں۔ جن میں یہ تین سانس ہیں۔ ان میں سانس کی آمد و رفت رات دن میں ۲۱ ہزار چھ سو سانس پائی گئی ہے۔ جو تندرست آدمی ہے۔ وہ تین سو ساٹھ سانس ایک گھڑی میں لیتا ہے۔ اس لئے اس رفتار میں جس قدر کمی کی جائے اسی قدر آرام ملتا ہے۔ کیونکہ اسی قدر درازی عمر اور صحت اچھی ہوتی ہے۔

ناف کا ٹل جانا



سامدرک

عمر کی لائین

اگر آپ مطالعہ کریں۔ تو معلوم ہوگا کہ بعض ہاتھوں میں عمر کی لائن کے ساتھ ساتھ اندر کی طرف ایک اور لائن بھی ملتی ہے۔ عمر کی لائن میں جو خطرات نظر آتے ہیں۔ اس لائن سے بہت کم ہو جاتے ہیں۔ یہ لائن موت کے خطرہ سے بچاتی اور مصائب کو کم کرتی ہے۔ جہاں عمر کی لائن ٹوٹی ہوئی ہو۔ لیکن اس کے ساتھ یہ لائن برابر جاری ہو۔ تو سمجھ لینا چاہیئے۔ کہ زندگی میں تو روح، مصیبت اور خطرات پیش آئیں گے۔ ان میں اس لائن کی مدد سے کوئی صدمہ اور برا انجام نہیں پہنچے گا۔ عمر کی لائن میں جہاں شروع یا انجام میں دوشاخیں پائی جاتی ہیں۔ تو وہ اچھی علامت نہیں ہیں۔ اگر دو شاخیں شروع میں ہوں۔ اور وہ بالکل صاف نہ ہوں۔ تو اس کی تاثیر سے زندگی خطرہ میں ضرور ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر یہ شاخیں آخیر میں پائی جاتی ہوں۔ تو بڑھاپے میں کچھ عمر کے اندر تکالیف کی مظہر ہوتی ہیں۔ عمر کی لائن کے انجام پر ہر صورت میں دو شاخوں کا ہونا خطرناک ہے۔

اس لائن پر جو جزیرے سے ہوتے ہیں۔ (□) وہ سخت بیماریوں کا اظہار کرتے ہیں۔ بعض اوقات عمر کی لائن میں زرد، سفید یا سیاہ رنگ کے نشان بھی پائے جاتے ہیں۔ جن کی تاثیر سے جسم میں طاقت اور کمزوری کا اظہار ہوتا ہے۔ زرد رنگ کا نشان اس لائن میں قدرتی کمزوری کی علامت ہے۔ لیکن ایسی علامت میں اگر سر کی لائن اچھی پائی جائے۔ تو جسمانی کمزوری ضرور ہوگی۔ مگر اس کے ساتھ دماغ قوی ہوگا۔ سیلی رنگت کا نشان عمر کی لائن پر حسد اور بغض کی علامت کا اظہار کرتا ہے۔ عمر کی لائن اگر بہت چوڑی ہو۔ کو ساتھ ہی سرخ بھی ہو۔ تو جسمانی طاقت کی علامت ہے۔ اگر زرد رنگت اور چوڑی ہو۔ تو بیماری کی علامت ہے۔ جو خون میں بدکی وجہ سے ہے۔ کالے رنگ کے نشان اس لائن میں اعصابی بیماریوں کی علامت ہیں۔ سفید نشان سر درد، آنکھوں کی بیماریوں کے نشانات کا اظہار کرتے ہیں۔

حلوائے بیضہ مرغ

بے حد مقوی اور قیمتی اشیاء سے تیار کردہ اس موسم کے لئے ایک خاص اخاص لذیذ اور لطیف ناشتہ جس میں طاقت کا خزانہ مدفون ہے۔ لطف شباب حاصل کرنے کی بہترین اکسیر ہے۔

اعصاب کو طاقت دیتا۔ بکثرت خون پیدا کرتا۔ حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ منی کو مغلظ کرتا اور جوان کو مرغ اور مرغبہ بناتا ہے۔ مادہ تولید کو بڑھاتا ہے نیز سردی کے تمام عوارض اور تمام جسمانی کمزوریوں کا واحد اور مجرب علاج ہے۔

نوٹ:۔ غیر شادی شدہ اصحاب طلب نہ فرمائیں۔

قیمت:۔ ۱۰ تولہ۔ چار روپے۔ علاوہ محصول ڈاک

مینیجر روحانی دارالشفاء ۵۔ ہسپتال روڈ۔ لاہور

اقوالِ بندگانِ خدا

حضرت سہل بن عبداللہ فرماتے ہیں۔ کہ آدمی کو چار چیزیں اختیار کرنی چاہئیں۔ تاکہ عبادت درست ہو۔ ۱۔ بھوک ۲۔ بیداری ۳۔ خواری ۴۔ قناعت۔

جو شخص بھوکا رہے گا۔ اس کے پاس شیطان نہ آئے گا۔ خدا کے حکم سے۔ جب سیر ہو کر کھانا کھائے گا۔ تو بھوک کی طلب کرے گا۔ تمام اعضاء کی قوت سیر ہو جائے گی۔ اور جو شخص روز کھانا کھائیگا۔ اس کے ہفت اندام معصیت میں پڑ جائیں گے۔ جو شخص کھا کھا کر کھائے گا۔ اس کے ہفت اندام اطاعت میں رہیں گے۔

حضرت ابو حفص فرماتے ہیں۔ صابر وہ ہے۔ جو تکالیف برداشت کرنے کا عادی ہو۔ اور شکر ہر کھانے پینے پر کرے۔ غنی وہ ہے جسے دوسروں کی فکر نہ ہو۔

فرمایا۔ امیروں کی صحبت میں عزت سے رہو۔ اور فقیروں کی صحبت میں ذلت سے۔ کیونکہ امیروں سے فخر تواضع ہے۔ اور فقراء کے ساتھ عاجزی تواضع ہے۔

ابو یعقوب فرماتے ہیں۔ دنیا ایک دریا ہے جس کا کنارہ آخرت ہے۔ یہاں جس کو سیری کھانے سے ہوتی ہے۔ وہ ہمیشہ بھوکا رہے گا۔ جس کی امیری مال سے ہوگی۔ وہ ہمیشہ درویش رہے گا۔ جو اپنی عزت خلق کے سامنے پیش کرے گا۔ وہ ہمیشہ محروم رہے گا۔ جو اپنے کام میں خدا سے مدد نہ چاہے گا۔ وہ ہمیشہ خوار رہے گا۔

حضرت حسنون فرماتے ہیں۔ تصوف یہ ہے۔ کہ نہ کوئی چیز تیرے ملک میں ہو۔ اور نہ تو کسی کے ملک میں ہو۔

لوگوں نے پوچھا۔ محبت کو جاہ کیوں کہا گیا ہے۔ فرمایا اس لئے۔ کہ ہر سفلہ اس کی محبت کا دعویٰ کرتا ہے۔ جب وہ بلا کو دیکھے۔ تو اس کی ہمت پست ہو جائے۔

حضرت ابو محمد مرتعش فرماتے ہیں۔ میں نے تیس سال تک تو کل پر حج کیا۔ جو طور کیا۔ تو ہوائے نفس سے کیا۔ لوگوں نے پوچھا۔ آپ کو کیسے معلوم ہوا۔ فرمایا میری والدہ نے کہا۔ کہ پانی کا گھڑا لے آؤ۔ تو وہ مجھ پر گراں ہوا۔ تو میں سمجھ گیا۔ کہ وہ حج خواہش نفسانی سے تھا۔

حج صرع مرگی کے لئے بیشمار طبیب دوائیں کھلاتے ہیں۔ سینکڑوں حکیموں ڈاکٹروں سے علاج کرکے آپ کو اطلاع دی جاتی ہے۔ کہ آپ کا مرض لاعلاج ہے۔ جب ہر سہ ماہی شیشی ۵ روپے۔ علاوہ محصول
منیجر روحانی دارالشفاء ہسپتال روڈ۔ لاہور

منیجر روحانی علی دنیا لاہور
الحمد
الحمد والشفاء سائیکل

خمسہ (دیگر)

(دردِ کا کوردی)

ناز ہے کچھ اور شانِ بے نیازی اور ہے
سرفرازی اور ہے گردن فرازی اور ہے
حسن سازی اور ہے جلوہ طرازی اور ہے
دل نوازی اور ہے بندہ نوازی اور ہے
میرے دردِ مضطرب کی چارہ سازی اور ہے

ساز ہے کچھ اور سوزِ جاں گدازی اور ہے
چارہ سازی اور ہے نکتہ نوازی اور ہے
دیدبازی اور ہے دیدار بازی اور ہے
آئینہ کچھ اور ہے آئینہ سازی اور ہے
دل سے دل والوں کی۔ دل کو سرفرازی اور ہے

جب نہیں خلوت سرا دل۔ سروری آسان نہیں
گر حیا ہے محجبی۔ برتری آسان نہیں
جادوائی طور پر۔ جلوہ گری آسان نہیں
دیدہ ائے ہم نشیں۔ پردہ دری آسان نہیں
بزمِ دو عالم میں ستر پردہ سازی اور ہے

اور جب کوئی نظر کی گود میں مہماں نہیں
لامکاں پھر کیا وجودِ عالمِ امکاں نہیں
صرف دشواری یہ ہے ہر آدمی انساں نہیں
دیدہ ائے ہم نشیں پردہ دری آسان نہیں
بزمِ دو عالم میں ستر پردہ سازی اور ہے

ذوق میں سالک اگر خنداں نہیں گریاں نہیں
دیدہ کا حاصل یقیناً نورِ صد چنداں نہیں
روح جلوے دیکھ کر ہوتی اگر رقصاں نہیں
دیدہ ائے ہم نشیں پردہ دری آسان نہیں
بزمِ دو عالم میں ستر پردہ سازی اور ہے

لوگ گوش و ہوش سے سنتے ہیں آوازِ حیات
پھر بھی نامعلوم ہے انجام و آغازِ حیات
لاکھ ہو بیگانہ آہنگِ ساز حیات!
چشمِ ظاہر بیں یہ کیا سمجھے گی رازِ حیات
دیدۂ دل سے جہاں میں دید بازی اور ہے
درد پروانے ہے گویا شمعِ محفل ہے کلیم
حق تو یہ ہے عالمِ عرفاں کی منزل ہے کلیم
سارا عالم ہے کلام اللہ یہ دل ہے کلیم
لطف سیر و طیر دل والوں کو حاصل ہے کلیم
عالمِ امکان میں افلاک بازی اور ہے

جسم پر بالوں کا اثر

جس شخص کے بدن پر بال بہت ہوتے ہیں۔ وہ بڑا بزدل۔ کم عقل۔ مفلس اور تنگ حال ہوتا ہے۔ زندگی پریشانی اور بخوست کی حالت میں بسر کرتا ہے۔ اگر بال کم ہوں۔ تو بڑا عقل مند اور دانا ہوتا ہے۔ زندگی آسودہ حالی سے بسر کرتا ہے۔

اگر جس کے بال باریک اور نرم ہوں۔ تو خود غرض۔ حسین مزاج اور زود رنج ہوتا ہے۔ اگر بال خلاف مزاج بات پر بہت جلد ناراض ہو جاتا ہے۔ اگر بال مثل گائے ہاتھی کے مشابہ ہوں۔ تو بڑا عیاش طبیعت۔ خوش مزاج اور عورتوں سے محبت صادق اور فرمانبردار ہوتا ہے۔ فعل ناجائز کی طرف بہت رغبت رکھتا ہے۔

اگر سخت تر ہوں۔ تو مریض طبع اور تنگ حال ہو۔ دنیاوی معاملات میں ہر کام پر ٹھوکر کھاتا ہے۔ اگر بال سیاہ اور حاکم ہوں۔ تو دولت مند اور آسودہ حال ہوتا ہے۔ زندگی آرام سے بسر کرتا ہے۔

اگر سیاہ حاکم اور سیدھے ہوں۔ تو صلح پسند اور خوش مزاج ہوتا ہے۔ اس کی دوستی سے کبھی نقصان نہیں ہوتا۔

اگر بال زیادہ باریک ہوں۔ تو نازک اور نیک مزاج ہوتا ہے۔ اگر سخت ہوں تو قوی جسم دلیر اور بہادر ہوتا ہے۔

جس شخص کے بال سرخی مائل ہوں۔ وہ غصیلہ۔ متکبر اور حیلہ باز ہوتا ہے۔ جلدی امراض کا شکار جلد ہو جاتا ہے۔

علم الرمل

دریافت کرنا ضمیر کا - دل یا ضمیر کا حال تو خدا ہی جانتا ہے۔ مگر بعض لوگ ایسے سوالی امتحان کے طور پر فرض کر بیٹھتے ہیں۔ کہ بتاؤ ہمارے دل میں کیا ہے ایسے لوگوں کے لئے استادوں نے بعض طریقے ایجاد کئے ہیں۔ ایک یہ ہے۔ کہ نیت ضمیر سائل سے زائچہ بناؤ۔ اور خانہ پنجدہ کی شکل میزان کے نقطہ ناطق کو حرکت دو۔ جس خانہ میں یہ نقطہ پہنچے۔ ضمیر اسی خانہ کا ہوگا۔ احکام اس طرح بیان کرو:-

۱ زندگانی۔ تندرستی اور حرکت کے لئے۔ ۲ مال اور قدم غائب کرنے۔ ۳ سفر نزدیک آنا دوست یا غیب کے لئے۔ ۴ آنا اور جانا۔ ۵ مال اور معشوق ۶ حال گزشتہ اور حاملہ۔ غنا معشوق سے۔ ۷ مال چوری کا۔ خطرہ غائب اور نکاح۔ ۸ نیا مال۔ خطرہ۔ سفر کو جانا اور اعلیٰ غائب۔ ۹ نیا مال۔ احوال بارش۔ آنا غائب۔ اچھا ہونا بیمار کا۔ ۱۰ آنا مال کا۔ صحت بیمار خلاصی قید کی۔ حاملہ کے لئے۔ ۱۱ آنا غائب۔ کشائش کار بستہ۔ ۱۲ پہنچا مال۔ صحت مریض۔ پہنچا غائب۔ نشوونما ذخیرہ۔ ۱۳ پہنچا مال اور جماعت دوستوں کا۔

ان سے ایک ایک شکل کے دو باتیں ضمیر ظاہر کئے ہیں۔ قیاس سے کوئی ایک بتانے یا کہنے ان تیسوں میں سے ایک ہے۔ اور اگر بھی ضمیر تک پہنچا ہو۔ تو یہ قاعدہ ہے۔ کہ اگر نقطہ آتش یا حرکت کی ہے۔ تو ضمیر روح یعنی جان کا ہے۔ تفتیش دیکھنے سے ہے۔ نقطہ باد رحمت کا آنے جانے کا اور بولنے کا ہے۔ نقطہ آب حضرت کا جمادات کا ہے۔ نقطہ خاک تاریکی۔ موت صحت۔ جدائی کا ہے مثلاً سوال عشق میں خانہ پنجم میں اگر نقطہ خاک ہے۔ تو جواب جدائی ہوگا۔ عقلہ کو ناستہ کاں ہے

ذیابیطس

ایک ایسا تجربہ کی بیماریوں کا تیر بہدف نسخہ ہے۔ جس سے سینکڑوں مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔ ذیابیطس ایک بڑھنے والی خطرناک مرض ہے مگر ڈابی کا استعمال اس کے لئے تریاق ثابت ہو چکا ہے۔ ذیابیطس شکری ہو یا غیر شکری دونوں کے لئے مفید ہے۔ اس کے استعمال کے بعد جب پیشاب کا کیمیاوی امتحان کیا گیا۔ تو نتائج نہایت تسلی بخش معلوم ہوئے۔ ڈابی پیشاب کا بار بار آنا۔ خواش البول۔ رک رک کر آنا۔ قطرہ قطرہ آنا۔ بالاضافہ آنا۔ مجلہ امراض کے لئے نافع ہے۔ علاوہ ازیں ذیابیطس کے مریضوں کو عموماً ضعف باہ۔ سرعت انزال منی دل و دماغ۔ جگر گردہ کی تکلیفیں گھیر لیتی ہیں۔ ڈابی ذیابیطس کی اصلاح کے ساتھ ساتھ ان تکلیفوں کو بھی طاقت بخشتا ہے۔ اعصاب کو فولاد کی طرح مضبوط بناتا ہے۔ بھوک چست اور ہاضمہ درست ہو جاتا ہے۔

قیمت مکمل خوراک سات روپے۔ علاوہ محصول

ملنے کا پتہ روحانی دارالشفاء ہسپتال روڈ۔ لاہور

حروف :- تو - طو - سن - نا - لی - نو - لے
نو - ی - یا - لی - یو - برسیک راس عقرب
برج - مریخ ستارہ
صحت کی طرف سے فکر - آمدن کم - خرچ زیادہ
گھر میں آرام - نقصان مالی آخر ماہ کا ہے - اس
ماہ کی ۱۱ - ۱۲ - ۲۰ - ۲۱ تاریخیں نحس ہیں

حروف :- بے - یو - بھ - بھا - بھی - بھو
دھا - دھ - ن - بھا - ڈھ - ڈھا - دھن
راس - قوس برج - مشتری ستارہ
خواہ مخواہ طبیعت میں غصہ رہے - کسی سے
لڑائی - کسی کام پر نقصان زر - طبیعت فکرمند
رہے - اس ماہ کی ۱۰ - ۱۱ - ۲۰ تاریخیں
خراب ہیں

حروف :- بھو - ظ - ض - ج - جی - جو -
ہاری - جو - خ - کھ - کھی - خی - کھو کھے
گ - غ - گی - کر راس - جدی برج - زحل
ستارہ
ناامیدی دور ہو - کوئی خوشی کی خبر ملے -
صحت کا فکر - آمدن آئے گی - خانگی حالات
بہتر - اس ماہ کی ۳ - ۴ - ۲۵ - ۲۶ تاریخیں
خراب ہیں

حروف :- گو - گے - ھو - ص - ث - سا
ش - ہی - ہو - سی - سو - وا - ہو - ضو
کنبھ راس - دلو برج - زحل ستارہ
کاروبار میں ترقی - حاکم وقت سے نفع -
عزت پر حرف آسکتا ہے - خرچ زیادہ ہو -
خانگی حالات بہتر - اس ماہ کی ۱ - ۲ - ۲۰ -

وہ تاریخیں نحس ہیں -

حروف :- وی - ڈو - تھ - جھ - نیاں - دے
دو - چ - چا - چی - مین راس - حوت برج مشتری
ستارہ
عزیزوں سے رنج - سفر سے نقصان ہو - کاروبار
میں ترقی - کوئی ناکام شروع کریں - اس ماہ کی ۳
۱۸ - ۱۹ - ۲۰ تاریخیں نحس ہیں -

دماغی طاقتوں کیلئے قیمتی ادویہ کا مرکب

خمیرہ مقوی دماغ

بیش بہا اجزا کا مرکب ہے - اور نہایت مفید
اثر اور مقوی دماغ ہے - دماغ کے رگ کو پٹھوں
کو مضبوط کرتا ہے - دماغ کام کرنے والوں کے
لئے نعمت غیر مترقبہ ہے - اعضائے رئیسہ کی
رگ رگ کو ہرا اور قوی کرتا ہے - محرک باہ
اور مسک ہے - دافع جریان و سرعت ہے
مایخولیا اور گرمی دل و دماغ کو رفع کرتا ہے - اس
کی ضرورت نہیں - کہ بیمار اشخاص ہی استعمال کریں
بلکہ تندرست اصحاب بھی اگر اس وقت استعمال کریں
تو سال بھر تک اسکا لطف پائیں گے - بیش
قیمت اجزا کا مرکب ہے - حقیقتاً یہ امراء اور رؤسا
کے واسطے سابق طبیبوں نے تجویز کیا تھا - اس کی
قدر و قیمت جب ہی معلوم ہو سکتی ہے - جب آپ
اس کا استعمال کریں - ناظرین سے اس کے استعمال
کی پُرزور سفارش ہے -

قیمت فی شیشی ۴ روپے

منیجر روحانی دار الشفاء ہسپتال روڈ - لاہور

مہتمم روحانی علی نمبر لاہور

غنی کی صفات

جو شخص اپنی حاجت کو دوسروں کے سامنے پیش نہیں کرتا - حرص اس کو دوسروں کا احسانمند نہیں بناتی - ضرورت و حاجت دوسروں کی نظروں میں اس کو ذلیل و خوار نہیں کرتی - اس لئے وہ غنی ہے -

جو شخص مال رکھتا ہو یا راحت کرتا ہو - یا کوئی عزیز پیشہ کرتا ہو - اور وہ اپنی آمدنی میں سے کسی مفلس فقیر کو کچھ دینے سے افلاس کا خوف نہ رکھتا ہو - وہ کسی نیک کام میں کچھ دینے سے مال کا زیادہ خیال نہ کرتا ہو - وہ قرابت اور رشتہ داروں سے سلوک کو مالی نقصان نہ سمجھتا ہو - ایسا شخص غنی ہے -

وہ شخص جو اپنی حیثیت میں صحیح طریقہ سے بیوی بچوں پر خرچ کرے - اور لوگوں کے خطا و جرم کو معاف کر کے ان کے ساتھ سلوک و احسان کرے وہ غنی ہے -

کیا وہ شخص غنی ہو سکتا ہے - جو دوسروں کے مال پر نظر رکھتا ہو - کیا وہ شخص غنی ہو سکتا ہے - جس کی حرص و آز نے اس کی قوت کو برباد کر دیا ہو - صحت خراب ہو گئی ہو - کیا وہ شخص غنی ہو سکتا ہے - بے عقلی نے جس کو دولت کی آسائشوں سے محروم کر دیا ہو - کیا وہ شخص غنی ہو سکتا ہے جس کی لذت لذیذ کھانوں کی طرف ہو - خواہشات کا ہونا ذلت ہے - یہ انسان کو انسان کی نظروں میں سبک کرتی ہے -

کیا وہ شخص غنی ہو سکتا ہے جس کی اولاد بُرے حال سے زندگی بسر کرتی ہو جس کی بیوی ذلت و تکلیف میں زندگی بسر کرتی ہو - واقعہ یہ ہے - کہ ایسے لوگوں کی قسمت میں دولت سے فائدہ اٹھانا نہیں لکھا - یہ لوگ فقیر مفلس ہیں -

دولت یا آمدن کا صحیح استعمال انسان کی روحانی و دنیوی ترقی میں معاون ہے - کہ خدا ایسے لوگوں پر خاص نظر رکھتا ہے - مثلاً ارشاد ہے :- ولو ان اہل القریٰ آمنوا واتقوا لفتحنا علیہم برکات من السماء والارض (الاعراف ۹) - ترجمہ :- اور اگر بستیوں والے ایمان لاتے اور پرہیزگاری اختیار کرتے - تو ضرور ہم ان پر آسمانوں اور زمینوں کی برکتوں کو کھول دیتے اگر ان میں اور پارسائی اختیار کریں - تو ضرور ہم ان پر آسمانوں اور زمینوں کی برکتوں کو کھول دیتے ہیں - من عمل صالحا من ذکر او انثی وھو مومن فلنحیینہ حیوۃ طیبہ (النحل ۱۴) ترجمہ :- جو کوئی نیک کام کرے - مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ ایمان والا ہو - تو ہم اسے ستھری زندگی کے ساتھ جیتا رکھیں گے -

آسمان و زمین کی برکتوں سے مراد ہماری معاشی زندگی ہے - جو ایک تنگفتہ زندگی معاف کرے گی یہاں مجھے ایک امام بخاری کی صحیح روایت یاد آگئی - اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان ہے اچانک اس بادل میں کہ ایک آدمی جا رہا تھا کسی میدان میں - کہ اس نے ابر کے ٹکڑے کی آواز

سیراب کرو فلاں شخص کے باغ کو۔ آواز کے بعد دیکھا۔ کہ بادلوں کا وہ ٹکڑہ ایک کنارے کی طرف ہٹ گیا۔ اور اس نے ایک خاص میدان میں پانی برسا دیا۔ وہ پانی سمٹ کر ایک نالی میں آگیا۔ اور ایک طرف بہنے لگا۔ آواز سننے والے کا بیان ہے۔ کہ میں اس پانی کی روانی کے ساتھ پیچھے پیچھے چلا۔ کیا دیکھتا ہوں۔ کہ ایک آدمی ایک باغ میں کھڑا اپنی کدالی سے پانی کو الٹ پلٹ کر رہا ہے۔ میں نے اس شخص سے پوچھا۔ کہ اللہ کے بندے تیرا کیا نام ہے۔ اس نے بتایا۔ کہ فلاں نام ہے۔ یہ وہی نام تھا۔ جس کو اس نے ٹکڑہ ابر سے سنا تھا۔ تب باغ والے نے کہا۔ اللہ کے بندے! تم نے میرا نام کیوں دریافت کیا۔ جواب میں اس نے کہا۔ جس ابر کا یہ پانی ہے۔ اس سے میں نے یہ آواز سنی۔ کہ فلاں شخص کے باغ کو سیراب کرو۔ یہ تمہارا ہی نام تھا۔ اب یہ بتاؤ۔ کہ اس باغ کے ساتھ تم کیا کرتے ہو۔ تب باغ والے نے کہا۔ کہ خیر جب تم نے یہ بات سنائی ہے۔ تو سنو۔ میں اس تمام پیداوار کی جو باغ سے حاصل ہوتی ہے۔ نگرانی کرتا ہوں۔ پھر ایک تہائی پیداوار کا تو صدقہ دیتا ہوں۔ اور تہائی میں میرے اہل وعیال کھاتے ہیں۔ اور ایک تہائی میں باغ کے مصارف باغبانی پر خرچ کر دیتا ہوں۔

وہ لوگ جو اس بات کا رونا روتے ہیں۔ کہ ہمارے خرچ پورے نہیں ہوتے خواہ مخواہ کے اخراجات کچھ اپنے چھوڑتے۔ قرض ہمیشہ سر پر سوار رہتا ہے۔ ایک ایک چیز کے محتاج رہتے ہیں اس طور سے دیکھنا چاہیئے۔ کہ صحیح طریقہ زندگی کا کیا ہے۔ اور معاشی طریقہ میں کونسی خامی ہے جو اس کو ناتمام کر رہی ہے۔ اس کے لئے اوپر کی حدیث کافی ہے۔

تمام امراض کی مقوی سموتاج اور بلڈ پریشر کی دوا

اکسیر الحیات

جو صرف خریداران روحانی دنیا کے لئے روحانی طور پر تیار کی جاتی ہے غیر خریداروں کو کسی قیمت پر بھی نہیں مل سکے گی۔ یہ معجون تمام مقوی ادویات کی سرتاج ہے۔ جو دل و دماغ۔ جگر و گردہ شانہ وغیرہ کی تمام خرابیوں کو صرف چند خوراک میں جڑ کے جسم میں بجلی کی طرح ایک نئی روح پھونک دیتی ہے اس کے استعمال سے قوت باہ کی کمی۔ کمزوری۔ ہاتھوں کا رعشہ۔ جسمانی کمزوری۔ لکنت۔ کند ذہنی۔ ضعف حافظہ۔ جریان۔ احتلام۔ ضعف باہ۔ آنکھوں اور جگر کی بیماریاں۔ جوانی کی بے اعتدالیاں۔ شباب کی غلط کاریاں صرف چند ہی روز میں قطعی دور ہو جاتی ہیں۔ اور بکثرت خون صالح پیدا ہوتا ہے۔ اگر آپ سر سے پاؤں تک بیماریوں کا مجسمہ بن گئے ہیں۔ دل کی حرکتیں تیز ہو گئی ہیں۔ اور لاغر و کمزور ہوتی ہے۔ یا اس کے لئے ترستے ہیں تو آپ اکسیر الحیات طلب کر کے استعمال کریں۔ آپ کا رنگ سرخ و سفید ہو جائے گا۔ بھوک بہت بڑھ جائے گی۔ کمزوری دور ہو کر بھی جزو بدن بن جائے گا۔ اگر آپ تندرست ہیں تو بھی ہفتہ بالقدم اس کا استعمال کر سکتے ہیں۔ قیمت صرف آٹھ روپے فی تولہ ڈاک الگ

پتہ:- روحانی دار الشفاء ہسپتال روڈ۔ لاہور

ٹوٹکے

املی سات تولے لے کر پاؤ سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کے وقت پانی چھان کر اس میں گلقند چار تولے ملائیں۔ اور سنا کی سائیدہ تین ماشے چھڑک کر پئیں۔ گرم مزاجوں اور گرم بیماریوں میں عمدہ دوست آور دوا ہے۔

سن لائیٹ صابن تلاش کر چھوہارے کی گٹھلی کے برابر شانہ بنا کر گٹھلی سے نکر کے بیچ کے حصہ میں رکھ دیں۔ چند منٹ کے بعد دست آجائے گا۔ بڑوں کے لئے چھوہارے کی گٹھلی سے بڑا شانہ بنایا جائے۔ بچوں کے دست لانے کے لئے بہت مناسب طریقہ ہے۔ بڑوں کو بھی استعمال کرانا چاہیئے۔

مریض کو چھ تین روز تک دودھ شکر پلائیں۔ چوتھے روز کمیلہ ۱ ماشے پھٹکا کر پوست بیخ انار ترش ۵ تولے کو پاؤ سیر پانی میں خوب جوش دے کر چھان کر پلائیں۔ پانچویں روز انڈی کا تیل چار تولے مرغی بادیاں ۱۰ تولے میں ملا کر پلائیں۔

کرم شکم دیپٹ کے کیڑوں کے لئے مجرب ہے۔ کدو دانے ہوں۔ یا کھچڑے۔ اس دوا کے استعمال سے پاک ہو کر خارج ہو جاتے ہیں۔

جن بچوں کو چھینکے ہوں۔ جن کے کاٹنے سے مقعد سرخ ہو جاتا ہے۔ بچہ بے چین ہو کر تکتا رہتا ہے۔ ایسی حالت میں انڈی کی کونپلوں یا دھتورے کے پتوں کا پانی نچوڑ کر مقعد میں لگانے سے چھینکے پاک ہو جاتے ہیں۔ اور بچے کو آرام و سکون نصیب ہو جاتا ہے۔

سفوف لقمانی

یہ جملہ امراض معدہ کے تمام امراض مثلاً نفخ۔ قراقر شکم۔ باد گولہ۔ درد شکم۔ ڈکاریں آنا۔ جی متلانا۔ بد ہضمی۔ بھوک کا نہ لگنا۔ جلن سوزش وغیرہ۔ غرض معدہ کے تمام امراض کے لئے قطعی اور یقینی اکسیر ہے۔

دو وقت کھانا کھانے کے بعد آپ ایک ماشہ چورن کھا لیجئے۔ سب کھایا پیا ہضم ہو جائے گا۔ اس کا سب سے بڑا وصف یہ ہے۔ کہ خون کو صاف کرتا ہے۔ اور صالح پیدا کرتا ہے۔ دست آتے ہوں۔ تو انہیں روکتا ہے۔ قبض رفع کرتا ہے۔ نہایت خوش ذائقہ اور ہر دلعزیز چیز ہے۔ عورت مرد بچے۔ بوڑھے سب کے لئے یکساں مفید ہے۔ ہر ایک گھر میں ایک شیشی ضرور موجود ہونی چاہیئے۔ قیمت دس تولہ چورن دس آنہ۔

پتہ:- روحانی دار الشفاء ہسپتال روڈ۔ لاہور

جفر کے اسرار

تکسیر مراتب الحروف

جفر میں تکسیر آدرزنام کی خاص وجہ ہوتی ہے۔ اس سے ہر حرف ایک دوسرے کے ساتھ طبعی طور پر ضرب کھاتا ہے جس سے بیاض عامل اس کے متعلق اجسام و نفوس پر تصرف حاصل ہو جاتا ہے۔ عمل تکسیر کے بہت سے طریقے ہیں۔ آدرہ بجائے خود خاص خاص اثرات ظاہر کرتے ہیں۔ تکسیر کبھی جمع و تفریق دو نوں پر مبنی ہے۔ آپ ہر وقت بغیر نظرات کے اس کا عمل تیار کر سکتے ہیں۔ اگر ستاروں کی نظرات بھی ساتھ ہوں۔ تو تاثیر بہت ہوگی۔ عمل کا صحیح آمد وقت تیار ہونا اس بات کی دلیل ہے۔ کہ تیر نشانہ پر بیٹھتا ہے۔ یہ اسرار الٰہی ہیں۔ آدر ہیں اہل لوگ جانتے ہیں۔ جو ان پر عبور حاصل کر چکے ہیں۔ بد قسمت۔ چغل خور۔ بد اندیش قسم کے انسان کبھی ان علوم سے فیض حاصل نہیں کر سکتے۔ اب میں طریق عمل بیان کرتا ہوں:۔

طالب و مطلوب کا نام معہ والدہ لو۔ اگر عمل حب عورت کی تسخیر ہے۔ تو درمیان میں زہرہ کا نام لکھو۔ اگر عمل حب مرد کی تسخیر کا ہے۔ تو مشتری کا نام لکھو۔ اگر عمل بغض ہے۔ تو زحل کا نام لکھو۔ اگر عداوت اور جنگ و لڑائی کے لئے یا ہلاکت کے لئے ہے۔ تو مریخ کا نام لکھو یہ تو ابتدائی مرحلہ آپ پہلی سطر۔ اب آپ نے حروف کو مراتب کے لحاظ سے ترتیب دینا ہے۔ ترتیب کے لحاظ سے جو حروف ابجدی طور پر پہلے ہے۔ وہ پہلے لکھیں۔ جو بعد ہے۔ وہ بعد میں۔ مثلاً عامد کی ترتیب الحروف ہوگی ا د ح م۔ اس طرح تمام سطر کو ترتیب دے لو۔ یہ سطر دوم ہوگی۔ اب اس سطر کی تکسیر کر کے زنام برآمد کرو۔ یہ مراتب الحروف حب کے لئے ہے بغض کے لئے مراتب الحروف الٹا ہونا چاہیئے۔ مثلاً عامد کا مراتب الحروف برائے بغض محمد۔ م ح د ا اس طرح سطر دوم ترتیب دے کر تکسیر کرو آدر نام نکالو۔

اب اگر تکسیر جفت حروف کی ہے۔ تو چار چار حروف کا ایک کلمہ بنا کر آگے ایل لگا دو۔ اگر طاق حروف کی ہے۔ تو پانچ پانچ حروف کا کلمہ بنا کر ایل کا لفظ لگا دو۔ یہ طاقیہ پیدا ہو جائیں گے اب آپ کو اسی اسٹک میں عمل کرنا ہوگا۔ جس کا نام عمل میں لیا گیا ہے۔ اگر آپ اتفاق کے دن عمل کر رہے ہیں۔ تو تمام طاقیہ تکسیر کے اسماء لکھ کر اپنا مطلب لکھو۔ کہ الف فلاں بن فلاں یا الف فلاں بن فلاں آدر آخر میں لکھو سبق یا عزائیل آدر تمام تعویذ تکسیر کو آگ میں ڈال دو۔

اگر عمل سوم یا ہفتہ کے دن ہے۔ تو سطر کے آخر میں سبق یا میکائیل لکھو آدر تمام تکسیر کا تعلق پانی کے کسی سے تعلق رکھنے والی چیز میں دفن کر دو۔ یا مطلوب کو پلا دو۔ اگر عمل منگل یا جمعرات کے

عملیات میں ناکامی

ہر مہینہ دو تین احباب ضرور یہ شکایت کرتے ہیں۔ کہ ہم نے فلاں عمل آپ کی تحریر کے مطابق کیا مگر اثر نہیں ہوا۔ میں اس کا جواب حسب ضرورت دے دیا کرتا ہوں۔ مگر میرے دوستوں کی دلچسپی کے لئے چند وجوہ خاص ہیں۔ وجہ اول۔ اللہ تعالیٰ عالم الغیب اور دانائے راز ہے۔ اس نے قرآن پاک میں اعلان فرمایا ہے۔ کہ تم بہت سی چیزوں کی خواہش کرتے ہو۔ مگر وہ تمہارے لئے مضر ہوتی ہیں۔ اس لئے اگر آپ نے کوئی عمل کیا اور اس کا اثر نہیں ہوا۔ تو خدا کا شکر ادا کرو۔ آج نہیں تو کل اثر ہوگا۔ اور یقین کرو۔ کہ اس وقت اس عمل کا اثر تمہارے واسطے مضر ہے۔ اور خدا بہتر جانتا ہے۔

وجہ دوم۔ آپ نے جس مقصد کی تکمیل کے واسطے عمل کیا ہے۔ وہ مقصد فی الواقع شرع کے یا اس کی تکمیل سے کسی دوسرے کی حق تلفی ہوتی ہے۔ یا دوسرے کو تکلیف یا نقصان پہنچتا ہے خدا کے نزدیک سب مخلوق برابر ہے۔ آپ کا کوئی حق نہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے کلام میں آپ کے واسطے ایسا اثر پیدا کر دے۔ کہ آپ دوسروں کو پریشان کریں۔ یا نقصان پہنچائیں۔

